انڈیکس الفضل انٹرنیشنل

جلد نمبر 16

2009ء

عناوین	صفحہ
خطبات جمعہ وعیدین	3
خطابات، پیغامات، درس	18
تعلیمی، تربیتی و علمی مضامین	23
ارشادات حضرت اقدس مسیح موعود علیہ السلام	30
حاصلِ مطالعہ	33
رپورٹس	34
منظوم کلام	45
اعلانات نکاح	41
نمازہائے جنازہ	46

خطبات جمعہ وعیدین

خلفائے حضرت اقدس مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام

شمارہ	تاریخ اشاعت	خلاصہ	مقام	فرمودہ
1	2رجنوری	اللہ تعالیٰ کے فضل سے ایم ٹی اے کی جونعمت اللہ تعالیٰ نے ہمیں عطا فرمائی ہے اس نے جماعتوں میں وحدت اور خلافت سے ایک تعلق کوٹ کوٹ کر بھر دیا ہے۔ ان سب کی نظر میں خلافت کے لئے وفا ہے۔ کیرالہ کی لجنہ بھارت کی صف اوّل کی لجنات کی تنظیم میں ہے۔ لیکن اب مجھے لگتا ہے کہ انشاء اللہ تعالیٰ یہ لوگ چھلانگیں مارتے ہوئے آگے بڑھیں گے۔ اللہ کرے کہ ہندوستان کی باقی لجنہ میں بھی یہ باتیں سن کر جوش پیدا ہو اور مسابقت کی روح پیدا ہو۔ جنوبی ہندوستان کے ان علاقوں کی تاریخ مذہب سے جُڑی ہوئی ہے۔ انشاء اللہ اگر صحیح منصوبہ بندی کر کے تبلیغ کے کام کو تیز کریں گے تو اللہ تعالیٰ بہتر نتیجے پیدا فرمائے گا۔ پس احمدیوں کو اپنی ذمہ داریوں کو سمجھتے ہوئے اپنے کام میں تیزی اور وسعت پیدا کرنی چاہئے۔ جنوبی ہندوستان کی جماعتوں چنائی (مدراس)، کالیکٹ اور کوچین کا نہایت کامیاب و کامران دورہ۔ اس علاقہ کی مختصر مذہبی تاریخ، احباب جماعت کے اخلاص و وفا اور قربانیوں، مختلف مساجد کے افتتاح اور غیروں پر اس دورہ کے نیک اثرات اور اخبار و میڈیا میں دورہ کی کوریج کا ایمان افروز تذکرہ۔ تبلیغ اور دعوت الی اللہ کی طرف خصوصی توجہ دینے کی تاکید۔)	مسجد بیت الفتوح	12ردسمبر
2	9رجنوری	ہمیشہ یہ یاد رکھنا چاہئے کہ ڈاکٹر یا طبیب کا علاج بھی اس وقت فائدہ مند ہوتا ہے جب اللہ تعالیٰ جو شافی ہے اس کی بھی مرضی ہو۔ اَللّٰھُمَّ رَبَّ النَّاسِ اَذْھِبِ الْبَاس۔ اِشْفِ وَ اَنْتَ الشَّافِی۔ لَاشِفَاءَ اِلَّا شِفَاءُ کَ۔ اِشْفِنِی شِفَاءً کَامِلاً لَا یُغَادِرُ سَقَمًا کی دعا ہر ایک کو کرنی چاہئے۔ ہمیشہ یہ سوچنا چاہئے کہ شافی خدا تعالیٰ کی ذات ہے۔ اگر اللہ تعالیٰ کا اذن ہوگا تو مَیں شفا پاؤں گا۔ ہر احمدی جو معالج ہے سب سے یہ پہلے ذہن میں رکھے کہ اللہ تعالیٰ کی بتائی ہوئی عقل اور علم سے مَیں علاج تو کر رہا ہوں لیکن شافی خدا تعالیٰ کی ذات ہے۔ اگر اس کا اِذن ہوگا تو میرے علاج میں برکت پڑے گی۔ مَیں احمدی طلباء سے کچھ سالوں سے یہ کہہ رہا ہوں کہ ہر قسم کی ریسرچ کے میدان میں آگے آئیں۔ یہ میدان بڑی تیزی سے ان ملکوں میں خالی ہو رہا ہے اور دنیا کو اس کی ضرورت بھی ہے۔ (قرآن کریم، احادیث نبویہ اور حضرت اقدس مسیح موعود علیہ السلام کے حوالہ سے علاج اور شفاؤں کی فلاسفی پر بصیرت افروز نصائح)	مسجد بیت الفتوح	19ردسمبر
3	16رجنوری	شفاء کا اصل ذریعہ خدا تعالیٰ کی ذات ہی ہے اگر اس کا اذن ہو تو دعاؤں کو شفاء کی طاقت ملتی ہے ایک زمانہ گزرنے کے بعد جب پاک تعلیم پر خیالات فاسدہ کا ایک غبار پڑ جاتا ہے اور حق خالص کا چہرہ چھپ جاتا ہے تب اس خوبصورت چہرہ کو دکھلانے کے لئے، مجدد اور محدث اور روحانی خلیفے آتے ہیں حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کی جماعت سے جُڑ کر قرآن کریم کی حکومت دنیا میں قائم کر کے اپنی اور دنیا کی روحانی شفاء کا انتظام کریں (قرآن کریم، احادیث نبویہ اور حضرت اقدس مسیح	بیت الفتوح	26ردسمبر

خطبہ فرمودہ	مقام	خلاصہ	تاریخ اشاعت	شمارہ
		موعود علیہ السلام کے ملفوظات کے حوالہ سے روحانی وجسمانی شفاؤں کا بصیرت افروز بیان)		
2/جنوری2009ء	مسجد بیت الفتوح	ہمیشہ یہ ذہن میں رہے کہ تمام فضلوں کا منبع خدا تعالیٰ کی ذات ہے محرم اور نئے سال کے پہلے جمعہ کے حوالے سے جماعت احمدیہ عالمگیر کے ہر فرد، بچے، بوڑھے، جوان، مرد، عورت سے یہ درخواست ہے، کہ اپنے اندر ایک نئے جوش اور ایک نئی روح کے ساتھ ایسی پاک تبدیلی پیدا کریں اور اپنے اعمال میں وہ خوبصورتی پیدا کریں کہ عرش کے خدا کو بے اختیار ہم پہ پیار آ جائے۔ پنی دعاؤں میں وہ ارتعاش پیدا کریں جس سے زمین وآسمان کا خدا، قادر وتوانا خدا، مجیب الدعوات خدا ہماری دعاؤں کو قبول فرماتے ہوئے آنحضرت ﷺ کا جھنڈا تمام دنیا میں گاڑنے اور ایک انقلاب عظیم پیدا کرنے کا نظارہ ہمیں اپنی زندگی میں دکھادے۔ اس مہینے میں درود شریف پر بہت زیادہ زور دیں کہ قبولیت دعا کے لئے یہ نسخہ آنحضرت ﷺ نے ہمیں بتایا ہے۔ اللہ تعالیٰ سے محبت میں بڑھانے کے لئے دعاؤں اور درود کی طرف توجہ دیں	23/جنوری	4
9/جنوری	بیت الفتوح	حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کا آنحضرت اسے قربت کا وہ رشتہ ہے جو سب سے بلند ہے۔ جنت اصل میں اللہ تعالیٰ کی رضا ہے۔ اگر اللہ تعالیٰ کی رضا حاصل ہوگئی تو وہی ایک مومن کے لئے جنت ہے وہ احمدی جو اچھی طرح نظام جماعت میں پروئے گئے ہیں قربانیوں کی عظیم الشان مثالیں قائم کرتے ہیں وقف جدید کے **52** ویں سال کا اعلان اللہ تعالیٰ کے فضل سے جماعت نے 31 لاکھ 5 ہزار پاؤنڈ کی قربانی پیش کی ہے جو کہ گزشتہ سال کی وصولی سے ساڑھے سات لاکھ پاؤنڈز زیادہ ہے۔	30/جنوری	5
16/جنوری	بیت الفتوح	خدا تعالیٰ کی صفت ''کافی'' کی پُر معارف تشریح۔ اللہ تعالیٰ پر ایمان تب مضبوط ہوتا ہے جب تقویٰ میں ترقی کی طرف قدم بڑھ رہے ہوں۔ سورۃ البقرۃ کی آخری دو آیات تزکیہ نفس کے لئے جامع دعا ہیں۔ کیونکہ تزکیہ نفس ہی ہے جو خدا تعالیٰ کے قریب کرتا ہے۔ (حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے فلسطینی جو اسرئیل کے ظلم کی بڑی خطرناک چکّی میں پس رہے ہیں ان کے لئے دعا اور مدد کی خصوصی تحریک)	6/فروری	6
30/جنوری	بیت الفتوح	حضرت مسیح موعود علیہ السلام کی صداقت قرآنی معیاروں اور خدا کی تائید سے ثابت ہے۔ جماعت احمدیہ پر طلوع ہونے والا ہر دن اس بات کی گواہی دیتا ہے کہ آپ یقیناً سچے ہیں قرآنی اصول ''لَوْ تَقَوَّلَ عَلَيْنَا'' کی پُر معارف تشریح حضرت مسیح موعود علیہ السلام کی تائید وحفاظت کے خدائی نشانوں کا ایمان افروز بیان	13/فروری	7
6/فروری	بیت الفتوح	اللہ تعالیٰ کی صفت ''الہادی'' کی پُر معارف تشریح۔ ضرور تھا کہ یہ دنیا ختم نہ ہو جب تک کہ محمدی سلسلہ کے لئے ایک مسیح روحانی رنگ کا نہ دیا جاتا۔ امام الزمان وہی ہے جس کو اللہ تعالیٰ نے امام الزمان کا خطاب دیا ہے۔ مسلمانوں کو اپنی حالتوں پر غور کرنے کی ضرورت ہے۔ احمدیوں پر ظلم کرنے کی بجائے نیک نیتی سے خدا تعالیٰ سے ہدایت طلب کرنے کی ضرورت ہے۔	20/فروری	8
23/جنوری	بیت الفتوح	ہمارے دلوں میں تو رسول اللہ کی محبت کا وہ ٹھاٹھیں مارتا ہوا سمندر ہے جس کے تم نزدیک بھی نہیں پہنچ سکتے۔ ہم تو اللہ تعالیٰ کی صفات کا ادراک رکھنے والے لوگ ہیں۔ اسی سے مانگتے ہیں اور اسی کے آگے جھکتے ہیں اور یہی ہمارے لئے کافی ہے۔ اللہ تعالیٰ ہمارے لئے جس طرح پہلے کافی تھا وہ آج بھی ہمارے لئے کافی اور آئندہ بھی انشاء اللہ کافی ہوگا۔ آج بھی مخالفین حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کو نہ مان کر اپنا جو مقصد حاصل کرنا چاہتے ہیں وہ نہ حاصل کر سکتے ہیں اور نہ کر سکے اور نہ کر سکیں گے انشاء اللہ۔	27/فروری	9

خطبہ فرمودہ	مقام	خلاصہ	تاریخ اشاعت	شمارہ
13/فروری	بیت الفتوح	'' اِھْدِ نَا الصِّرَ اطَ الْمُسْتَقِیْمَ '' کی پُر مغز، روح پرور تشریح۔ مسلمانوں کی کمزور حالت کی بہتری اور مسلمان ممالک کے عزت ووقار کے بحال کرنے کا واحد حل اللہ تعالیٰ کے فرستادہ کو قبول کرنا ہے۔ مومن ہمیشہ روحانی ترقیات کے حصول کی کوشش جاری رکھتا ہے۔ دعا سے ہی خدائے رحمان کی محبت حاصل ہوتی ہے۔ ایک خوفناک تباہی اور آفت آنے والی ہے۔ اللہ تعالیٰ جماعت، اُمّت مسلمہ اور تمام انسانیت کو محفوظ رکھے۔	6/مارچ	10
20/فروری	بیت الفتوح	حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام خدا تعالیٰ کے وہ پہلوان ہیں جن کو خود خدا تعالیٰ نے جری اللہ کہہ کر مخاطب فرمایا ہے۔ پیشگوئی مصلح موعود کی اہمیت وافادیت کا پُر معارف بیان ۔ یہ نشان مُردوں کو زندہ کرنے سے صدہا درجہ بہتر ہے۔ پیشگوئی مصلح موعود اسلام کی سچائی اور آنحضرت ا کی صداقت کا ایک خاص نشان ہے حضرت مصلح موعود رضی اللہ عنہ کی غیر معمولی اسلامی خدمات پر غیروں کا خراج تحسین	13/مارچ	11
27/فروری	بیت الفتوح	آنحضرت ا کی دعاؤں میں سے اَللّٰھُمَّ اھْدِ قَوْمِیْ فَاِنَّھُمْ لَا یَعْلَمُوْنَ کی دعا حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کو بھی سکھائی گئی ہے اور آپؑ کی جماعت کو بھی کرنی چاہئے۔ پاکستان کے حالات کے بارہ میں تمام احمدیوں کو اور پاکستانیوں کو خاص طور پر اس دعا کی خصوصی تحریک آنحضرت ا اور حضرت اقدس مسیح موعود علیہ السلام کی زندگیوں میں اللہ تعالیٰ کی صفت اَلْہَادِی کے ایمان افروز جلوؤں کا روح پرور بیان	20/مارچ	12
6مارچ	بیت الفتوح	خدا تعالیٰ اس وقت صادقوں کی جماعت تیار کر رہا ہے۔ پس ہمیں صدق کے نمونے دکھانے کی ضرورت ہے جہاں جہاں بھی احمدی ظلم کا نشانہ بن رہے ہیں وہ یاد رکھیں کہ یہ شیطان کے ساتھ آخری جنگ ہے اور اللہ تعالیٰ کی رضا کی خاطر آپ اُس فوج میں داخل ہوئے ہیں جو اِس زمانے کے امام نے بنائی۔ اس لئے اپنے ایمانوں کو مضبوط کرتے ہوئے اللہ تعالیٰ سے ثبات قدم اور استقامت مانگتے ہوئے ہمیشہ اور ہر وقت صبر اور حوصلے کا مظاہرہ کریں۔ اللہ تعالیٰ کے آگے مزید جھکیں۔ آخری فتح انشاء اللہ تعالیٰ حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کی جماعت کی ہی ہے ہماری فتح مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کے ساتھ جڑنے کی وجہ سے ظاہری اسباب سے نہیں ہونی بلکہ دعاؤں سے ہونی ہے اور دعاؤں کی قبولیت کے لئے اپنے آپ کو خدا تعالیٰ کی رضا کے مطابق چلنے والا بنانے کی ضرورت ہے اور اس کے لئے نفس کا جہاد بھی بہت ضروری ہے۔ آج دنیا میں پاکستان کا تصور ظلم و بربریت کے ایک خوفناک نمونہ کے طور پر ابھر رہا ہے آج اگر اس ملک کو کوئی بچا سکتا ہے تو اس فسق و فجور اور فساد اور ظلم کے سمندر میں صرف ایک کشتی ہے جو حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام نے تیار کی ہے اور جس پر آج اللہ تعالیٰ کے فضل سے ہم سوار ہیں۔	27/مارچ	13
13/مارچ	بیت الفتوح	آنحضرت ا کا تذکرہ بہت عمدہ ہے لیکن اگر اس کے ساتھ ایسی بدعات مل جاویں جن سے توحید میں خلل ہو تو وہ جائز نہیں۔ صحابہ وتابعین کے عہد میں یوم میلاد النبیؐ منانے کا کوئی ذکر نہیں ملتا۔ (آنحضرت ا کی سیرت کے مختلف پہلوؤں کا خوبصورت تذکرہ اور اس حوالہ سے احباب جماعت کو نصائح)	3/اپریل	14
20/مارچ	بیت الفتوح	آج سے 120 سال پہلے 23/مارچ کو قرآن کریم کی وہ عظیم الشان پیشگوئی پوری ہوئی جس کی اطلاع اللہ تعالیٰ نے آنحضرت ا کو بڑی خوشخبری کی صورت میں عطا فرمائی تھی۔ ہر احمدی اس بات کو اچھی طرح سمجھتا ہے کہ ہماری مخالفتیں، ہماری ترقی کے لئے کھاد کا کام دیتی ہیں بلغاریہ اور ہندوستان کے نو احمدیوں کے اخلاص اور ثبات قدم کا محبت بھرا تذکرہ۔ تاریخ ہمیشہ اس بات پر گواہی دے گی کہ خلافت	10/اپریل	15

خطبہ فرمودہ	مقام	خلاصہ	تاریخ اشاعت	شمارہ
		احمدیہ ہی ہے جو جماعت کے افراد کی روحانی مادی اور اخلاقی ترقی کے ساتھ ساتھ مسلم اُمّہ کے لئے بھی بوقت ضرورت اپنا کردار ادا کر رہی ہے۔ چاہے وہ کشمیریوں کی آزادی کا معاملہ ہو یا فلسطین کی آزادی کا معاملہ ہے یا برصغیر پاک و ہند میں مسلمانوں کے حقوق کا معاملہ ہے۔ ان تمام ظلموں کے باوجود جو جماعت احمدیہ پر روا رکھے گئے خلافت احمدیہ کی برکت سے ایک ہاتھ پر جمع ہونے کی وجہ سے اللہ تعالیٰ نے مدد فرماتے ہوئے جماعت کو ان ابتلاؤں سے نکالا۔ جماعت نے جو صبر کے نمونے ان حالات میں دکھائے اور آج تک دکھا رہی ہے یہ خلافت سے وابستگی کی وجہ ہے۔ احمدیوں نے تو تمام تر ظلموں کے باوجود ملک کی بہتری کے لئے کوشش بھی کرنی ہے اور دعا بھی کرنی ہے اور وہ کریں گے۔ لیکن احمدیوں کو نقصان پہنچانے والے یہ یاد رکھیں کہ خدا تعالیٰ کی تقدیر تم سے ایک دن ضرور بدلہ لے گی۔ آئے دن قانون اور اسلام کی آڑ میں احمدیوں کو جو شہید کیا جاتا ہے یہ خون کبھی رائیگاں نہیں جائے گا۔ یہ ملک جس آگ کے کنارے پر کھڑا ہے۔ وہاں سے احمدیوں کی دعائیں ہی ہیں جو اللہ تعالیٰ کے فضل کو جذب کرتے ہوئے اس کو اس میں گرنے سے بچا سکتی ہیں۔ اس ملک کی تعمیر میں بھی جماعت احمدیہ نے بہت کردار ادا کیا ہے اور اس کے بچانے میں بھی انشاء اللہ تعالیٰ جماعت کی دعائیں ہی کام آئیں گی۔ ملتان میں دو احمدی ڈاکٹروں مکرم ڈاکٹر شیراز باجوہ صاحب اور ان کی اہلیہ مکرمہ ڈاکٹر نورین شیراز صاحبہ کی دردناک شہادت کا دلگداز تذکرہ دونوں شہداء اور مکرم ڈاکٹر اسلم جہانگیری صاحب اور مکرمہ سیدہ ناصرہ بیگم صاحبہ اہلیہ میاں شریف احمد صاحب کی نماز جنازہ غائب۔	10/اپریل	15
27/مارچ	بیت الفتوح	معاشرے کو ہر قسم کے فساد سے بچانے کے لئے اور اپنے آپ کو جہنم کی آگ سے بچانے کے لئے پردہ پوشی انتہائی ضروری ہے۔ یہ سلسلہ چل نہیں سکتا جب تک رحم، دعا، ستاری اور مَرْحَمَہ آپس میں نہ ہو۔ یہ بڑی رعونت کی جڑ اور بیماری ہے کہ دوسرے کی خطا پکڑ کر اشتہار دے دیا جاوے۔ وہ شخص بہت ہی قابل افسوس ہے کہ ایک کے عیب کو بیان تو سو مرتبہ کرتا ہے لیکن دعا ایک مرتبہ بھی نہیں کرتا۔ عیب کسی کا اس وقت بیان کرنا چاہئے جب پہلے کم از کم چالیس دن اس کے لئے رو رو کر دعا کی ہو۔ ہمارا یہ مطلب نہیں کہ عیب کے حامی بنو بلکہ یہ کہ اشاعت اور غیبت نہ کرو۔ (اللہ تعالیٰ کی صفت ستّار کے حوالہ سے احباب جماعت کو قرآن مجید، احادیث نبویہ اور حضرت اقدس مسیح موعود علیہ السلام کے ارشادات کے حوالہ سے اہم نصائح)	17/اپریل	16
3/اپریل	بیت الفتوح	ہمارا خدا وہ پیارا خدا ہے جو ہماری بے شمار خطاؤں اور غلطیوں کو ڈھانپتا ہے، ان سے صرفِ نظر کرتا ہے۔ حقیقی مومن وہی ہے جو خدا تعالیٰ سے اس کی ستاری طلب کرے اپنی برائیوں کا احساس ہونے کے بعد ان سے دُور ہٹنے کی کوشش کرے، ان کو ختم کرنے کی کوشش کرے۔ غلطیوں کی صورت میں توبہ و استغفار کی طرف متوجہ ہو پردہ پوشی بھی اس وقت ہوتی ہے جب غصّہ پر قابو ہو اور یہ اس وقت ہوگا جب خدا تعالیٰ کا خوف ہوگا۔ ہر احمدی عورت اور مرد سے مَیں یہ کہتا ہوں کہ جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے بہترین لباس وہ ہے جو تقویٰ کا لباس ہے۔ اُسے پہننے کی کوشش کریں تا کہ اللہ تعالیٰ کی ستّاری ہمیشہ ہمیش ڈھانکے رکھے (اللہ تعالیٰ کی صفت ستّار کے حوالہ سے احباب جماعت کو ایک دوسرے کی پردہ پوشی کرنے اور اپنے لباس میں بھی حیا کو اختیار کرنے کی تاکیدی نصائح)	24/اپریل	17

خطبہ فرمودہ	مقام	خلاصہ	تاریخ اشاعت	شمارہ
10/اپریل	مسجد بیت الفتوح	سچی فراست اور سچی دانش اللہ تعالیٰ کی طرف رجوع کئے بغیر حاصل ہی نہیں ہوسکتی۔صحیح فراست اور حقیقی دانش کبھی نصیب نہیں ہوسکتی جب تک تقویٰ میسر نہ ہو۔ ہر احمدی کو اس بات پر غور کرنا چاہئے کہ جو بھی اللہ تعالیٰ نے پیدائش کی ہے وہ ہمارے لئے اللہ تعالیٰ کے وجود کا ایک ثبوت ہے۔ذکر ہوگا تو عبادت کی طرف توجہ ہوگی اور جب عبادت کی طرف توجہ پیدا ہوگی تو اللہ تعالیٰ کے جو احکامات ہیں ان کی پابندی کرنے کی طرف بھی توجہ پیدا ہوگی۔تو یہ ایسا ایک دائرہ ہے جس کے اندر آکر انسان پھر نیکیوں اور شکر گزاریوں کے جذبات سے ہر وقت سرشار رہتا ہے۔	یکم مئی	18
17/اپریل	بیت الفتوح	آج خدا تعالیٰ کا کلام کہ ''وَھُوَیُدْرِکُ الْاَبْصَارَ'' انہیں پر پورا ہوتا ہے جو اپنے دلوں کو پاک کرتے ہوئے حقیقی رنگ میں اللہ تعالیٰ کو پانا چاہتے ہیں اور وہ آنحضرت ا کی غلامی میں آئے ہوئے زمانے کے امام کو قبول کرتے ہیں جو جماعت اللہ تعالیٰ کے بھیجے ہوئے نے قائم فرمائی ہے اس کو کوئی ختم نہیں کر سکتا کہ یہ بات بھی اللہ تعالیٰ کی تقدیروں میں سے ایک تقدیر ہے اور اٹل تقدیر ہے کہ اللہ اور اس کے رسول ہی غالب رہیں گے۔دنیا والوں کی بقا اسی میں ہے کہ اس کی صفت لطیف سے فیض پانے کے لئے کوشش کریں اور قوی اور لطیف خدا کے شیر کی جماعت کی مخالفت میں اپنے آپ کو اللہ تعالیٰ کے فضلوں سے محروم نہ کریں پاکستان میں احمدیوں کے حالات آج کل بہت زیادہ خطرناک صورتحال اختیار کر رہے ہیں۔اس لئے بہت دعائیں کرنی چاہئیں ندوستان، انڈونیشیا، کرغیزستان اور قازقستان میں بھی جماعت کی مخالفت کے حوالہ سے احباب جماعت کو دعاؤں کی خصوصی تحریک (اللہ تعالیٰ کی صفت لطیف کے مختلف پہلوؤں کا لغوی معانی اور قرآن کریم میں اس صفت کے بیان کے حوالہ سے پُر معارف بیان)	8/مئی	19
24/اپریل	بیت الفتوح	ایک مومن، ایک دنیا دار کی طرح صرف اپنے فائدہ کی نہیں سوچتا بلکہ دوسروں کا فائدہ بھی سوچتا ہے۔ حقیقی منافع وہی ہے جو خدا تعالیٰ کی طرف سے ملتا ہے مغربی ممالک میں جو حکومت سے سوشل الاؤنس لیتے ہیں انہیں جو بھی کام ملے وہ کام کر کے جتنا بھی کوئی کما سکتا ہو اس کو کمانا چاہئے اور حکومت کے اخراجات کے بوجھ کو کم کرنا چاہیئا یک احمدی کے لئے تو یہ کسی طرح بھی جائز نہیں ہے کہ کسی بھی قسم کی غلط بیانی سے حکومت سے کسی بھی قسم کا الاؤنس وصول کرے۔اس قسم کی رقم کا حاصل کرنا نفع کا سودا نہیں ہے بلکہ سراسر نقصان کا سودا ہے۔ پاکستان، ہندوستان اور دوسرے غریب ممالک میں بھی ایک احمدی کو حتی الوسع یہ کوشش کرنی چاہئے کہ لینے والا ہاتھ نہ بنے بلکہ دینے والا ہاتھ بنے۔ دوسرے کی نفع رسانی اور ہمدردی کے لئے ایثار ضروری شے ہے (قرآن مجید، احادیث نبویہ اور حضرت مسیح موعود علیہ السلام کے ارشادات کے حوالہ سے نفع رساں وجود بننے کے لئے نہایت مفید اور اہم نصائح)	15/مئی	20
یکم مئی	بیت الفتوح	اصل نفع پہنچانے والی ذات خدا تعالیٰ ہی کی ہے۔اس لئے اسی کی عبادت کرو۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ وہ تمام چیزیں جن پر تمہاری زندگی کا انحصار ہے ان کا پیدا کرنے والا میں ہوں اور میرے اذن سے ہی یہ نفع رساں بھی ہوسکتی ہیں یا نقصان پہنچانے والی بن سکتی ہیں۔ایک حقیقی مومن کو کوشش کرنی چاہئے کہ اللہ تعالیٰ کی نعمتوں سے خود بھی فائدہ اٹھائے اور دوسروں کو فائدہ پہنچانے کی طرف توجہ دے۔(قرآن مجید، احادیث نبویہ اور حضرت اقدس مسیح موعود علیہ السلام کے حوالوں سے اللہ تعالیٰ کی صفت اَلنَّافِع کے مختلف پہلوؤں کا بصیرت افروز تذکرہ)	22/مئی	21
8/مئی	بیت الفتوح	شیطان فقر یعنی غربت کا خوف پیدا کر کے اور فحشاء کا حکم دے کر بندوں کو اللہ تعالیٰ سے دور رکھنے کی کوشش کرتا ہے۔لیکن جو اللہ تعالیٰ کے بندے ہیں وہ اس کے ڈراوے میں نہیں آتے۔ جماعت احمدیہ کی تاریخ جان، مال اور دیگر قربانیوں کی مثالوں سے بھری پڑی ہے۔اور ان قربانیوں کے نتیجہ	29/مئی	22

خطبہ فرمودہ	مقام	خلاصہ	تاریخ اشاعت	شمارہ
		میں وَاسِعْ خدا کی طرف سے ان پر بے انتہا فضل نازل ہوئے اور ہوتے ہیں۔ واسع خدا کے اجر کی کوئی انتہا نہیں۔ (اللہ تعالیٰ کی صفت ''اَلْوَاسِع'' کی قرآن مجید کی آیات کے حوالہ سے لطیف تشریح)	29/مئی	22
15/مئی	بیت الفتوح	یتیموں کی خیر خواہی اور عائلی معاملات سے متعلق قرآن مجید کی تعلیمات واحکامات کے حوالہ سے احباب جماعت کو انصاف پر قائم ہونے اور یتامیٰ اور اہل وعیال کے حقوق کی ادئیگی کے بارہ میں نہایت اہم تاکیدی نصائح	5/جون	23
22/مئی	بیت الفتوح	یہ کبھی دعویٰ نہ کرو کہ مَیں پاک صاف ہوں۔ پاک ہونا اور تقویٰ پر چلنے کا علم صرف اللہ تعالیٰ کی ذات کو ہے۔ صحبت صادقین کے تعلق میں اس زمانہ میں کتب حضرت مسیح موعود ؑ بہت بڑی نعمت ہیں۔ ان کو بھی جماعت کو بہت پڑھنا چاہئے۔	12/جون	24
29/مئی	بیت الفتوح	خدا تعالیٰ کوئی ایسا حکم نہیں دیتا جس کو انسان بجا لا نہ سکے یا اُس کی طاقت اور قدرت سے بالا ہو۔ پس یہ انسان کی ذمہ داری ہے کہ اللہ تعالیٰ کے احکامات پر عمل کرنے کی کوشش کرے اور جب یہ کوشش ہوگی تبھی ایک مومن اللہ تعالیٰ کے اُن انعامات کو پانے والا ٹھہر سکتا ہے جس کا خدا تعالیٰ نے وعدہ فرمایا ہے۔ تزکیہ نفس کے لئے یہ دعائیں انتہائی ضروری ہیں کیونکہ جب تزکیہٗ نفس ہوگا تو **لَا یُکَلِّفُ اللّٰہُ نَفْسًا اِلَّا وُسْعَھَا** کا صحیح ادراک بھی ہوگا۔ (سورۃ البقرۃ کی آخری آیت کی حضرت اقدس مسیح موعود ؑ کے ارشادات کے حوالہ سے پرمعارف تشریح)	19/جون	25
5/جون	بیت الفتوح	قرآن کریم کی تعلیم پر غور اور عمل ہدایت اور عرفان الٰہی کی نئی سے نئی راہیں کھولتا ہے ` جب ایک انسان مومن ہونے کا دعویٰ کرتا ہے تو اسے اللہ تعالیٰ کو سب طاقتوں کا سرچشمہ یقین کرنا چاہئے۔ اللہ ہی تمام صفات کا جامع اور تمام قدرتوں کا مالک ہے۔ اور اس ناطے وہی اس بات کا حقدار ہے کہ اس کی عبادت کی جائے اور تمام جھوٹے خداؤں سے بچتے ہوئے صرف اسی واحد خدا کے سامنے جھکا جائے۔ (آیت الکرسی میں مذکور مختلف مضامین کے حوالہ سے اہم نصائح) (میاں لئیق احمد طارق صاحب آف فیصل آباد، مکرم غلام مصطفیٰ صاحب، مکرمہ ممتاز بیگم صاحبہ اہلیہ نثار احمد صاحب آف چنائی انڈیا۔ مکرمہ مبارکہ بیگم صاحبہ اہلیہ مکرم چوہدری بشیر احمد صاحب مرحوم آف کھاریاں اور مکرم جعفر احمد خان صاحب ابن مکرم نواب عباس احمد خان صاحب کی نماز جنازہ اور مرحومین کے شمائل کا تذکرہ)	26/جون	26
12/جون	مسجد بیت الفتوح	اللہ تعالیٰ نے حضرت مسیح موعود ؑ کو ''وَسِّعْ مَکَانَکَ'' کا الہام فرمایا اور پھر خود ہی ہر لحاظ سے اس کی وسعت کے تمام لوازمات اور انتظامات بھی پورے فرمائے اور اس الہام کو آج بھی ہم پوری شان سے، ایک نئی شان سے پورا ہوتا دیکھ رہے ہیں حضرت اقدس مسیح موعود ؑ اور خلفاء کے ادوار میں عطا ہونے والی وسعتوں کا ایمان افروز تذکرہ۔ قادیان اور ہندوستان اور دنیا بھر میں ہونے والی نئی تعمیرات کا بیان اس وقت اللہ تعالیٰ کے فضل سے جماعت احمدیہ کی مساجد اور مراکز کی تعداد دنیا میں 14 ہزار 715 ہے اور اللہ کے فضل سے اس میں مسلسل اضافہ ہوتا چلا جا رہا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے ایم ٹی اے اَلْعَرَبِیَّہ کے ذریعہ دنیائے عرب میں تبلیغ کو بھی بہت زیادہ وسعت دی ہے۔ کبابیر کی جماعت کے افراد اور بعض دوسرے ممالک کے احمدی بھی اس میں بڑا اہم کردار ادا کر رہے ہیں۔ حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کا الہام وَسِّعْ مَکَانَکَ جماعت کے پھیلنے کے ساتھ ساتھ قادیان کی حدود سے نکل کر دنیا میں بھی اپنی صداقت کا نشان دکھا رہا ہے اور جوں جوں اللہ تعالیٰ تبلیغ میں وسعت پیدا کر رہا ہے، توں توں مکانیت میں بھی ہر جگہ وسعت پیدا ہوتی چلی جا رہی ہے۔	3/جولائی	27

شمارہ	تاریخ اشاعت	خلاصہ	مقام	خطبہ فرمودہ
27	3/جولائی	تمام وہ احمدی جن کو اللہ تعالیٰ نے اس زمانے کے امام کو ماننے کی توفیق عطا فرمائی ہے تمام وہ عرب احمدی جنہوں نے اپنے عرب ہونے کو بڑائی کا ذریعہ نہیں بنایا بلکہ امام الزمان کی آواز کو سن کر سَمِعْنَا وَ اَطَعْنَا کا نمونہ دکھایا ہے یاد رکھیں کہ ایک احمدی اور حقیقی مسلمان کا ہر نیا دن اس کے ایمان اور تقویٰ میں ترقی کا دن ہونا چاہئے۔ ہمیشہ یاد رکھنا چاہئے کہ ہماری ترقی تبلیغ کے ساتھ دعاؤں سے اور اللہ تعالیٰ کی مدد سے ہی وابستہ ہے۔ پس دعاؤں کو اپنی زندگیوں کا حصہ بنالیں۔ دعاؤں پر زور دیں اور خالص ہو کر اللہ تعالیٰ کے آگے جھکیں تو آپ کی دعائیں آسمانوں میں ارتعاش پیدا کر کے وہ انقلاب لائیں گی جو اسلام اور مسلمانوں کے ہر مخالف کو حضرت محمد رسول اللہ ﷺ کے قدموں میں لا ڈالے گی۔ اللہ تعالیٰ نے عربوں کو تبلیغ اور تقریر کا خاص ملکہ عطا فرمایا ہوا ہے اگر اپنے پاک نمونوں اور دعاؤں سے سجاتے ہوئے اسے استعمال میں لائیں گے تو اللہ تعالیٰ کے وسیع تر فضلوں کی بارش اپنے پر برستے دیکھیں گے اور احمدیت یعنی حقیقی اسلام کو عرب دنیا میں پھلتا پھولتا دیکھیں گے۔ پس اے کبابیر! اور فلسطین کے رہنے والے احمدیو! اس وقت عرب دنیا میں تم سب سے منظم جماعت ہو۔ اٹھو اور اس زمانے کے امام کے مددگار بنتے ہوئے نَحْنُ اَنْصَارُ اللّٰہ کا نعرہ لگاتے ہوئے اس کے پیغام کو ہر طبقہ تک پہنچانے کے لئے کمربستہ ہو جاؤ۔ آج مسلمانوں کی بھی نجات اسی میں ہے کہ امام الزمان کو مان لیں۔ اگر آج عرب دنیا کے احمدیوں نے اپنی ذمہ داری کو سمجھ لیا تو سمجھ لو کہ جس طرح قرون اولیٰ کے عربوں نے اسلام کے پیغام کو پہنچانے میں اہم کردار ادا کیا تھا اس زمانہ میں آنحضرت ﷺ کے عاشق صادق اور غلام صادق کا پیغام پہنچانے میں اپنا کردار ادا کر کے تم بھی اُن آخرین میں شامل ہو جاؤ گے جو اوّلین سے ملائے گئے۔ (جماعت احمدیہ کبابیر کے جلسہ سالانہ کے موقع پر عرب احمدیوں کے لئے خصوصی پیغام) (مکرم چوہدری فضل احمد صاحب (افسر خزانہ صدر انجمن احمدیہ ربوہ) اور مکرم ڈاکٹر عطاء الرحمٰن صاحب (آف ساہیوال) کی نماز جنازہ غائب اور مرحومین کا ذکر خیر)		12/جون
28	10/جولائی	اللہ تعالیٰ کی صفات میں سے ایک نام رَافِعْ ہے۔ یعنی وہ ذات جو مومن کو بلند مقام عطا فرماتی ہے۔ اللہ تعالیٰ رافع ہے لیکن ساتھ ہی قادر بھی ہے۔ وہ جس طرح چاہے کسی کو بلند مقام عطا فرما سکتا ہے یا انعام سے نواز سکتا ہے۔ لیکن اس نے عمومی طور پر یہ اصول مقرر فرما دیا کہ وَالْعَمَلُ الصَّالِحُ يَرْفَعُهٗ اور نیک عمل بلندی کی طرف لے جاتا ہے۔ آنحضرتؐ کا کامل نور تھا جو اللہ تعالیٰ کے نُور کا پَرتو تھا اور اب تا قیامت یہی نور ہے جس نے دنیا کو فیض پہنچانا ہے اس زمانہ میں اس نُور سے سب سے زیادہ حصہ آنحضرتؐ کے عاشق صادق حضرت مسیح موعود علیہ السلام نے لیا تا کہ دنیا میں اس نُور کو پھیلائیں آج مسیح محمدیؐ کے غلاموں کی یہی کوشش ہونی چاہئے کہ اپنے اعمال کی بلندی کے لئے جس حد تک بھی نیک عمل بجالانے کی کوشش ہو سکتی ہو، کی جائے۔	مسجد بیت الفتوح	19/جون
29	17/جولائی	ہم جو احمدی کہلاتے ہیں ہم پر خدا تعالیٰ کا آج یہ بہت بڑا احسان ہے کہ زمانہ کے امام کو قبول کر کے ہمیں ہر وقت اور ہر معاملہ میں راہنمائی ملتی ہے اور حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کے بعد خلافت کے جاری نظام اور مرکزیت کی وجہ سے توجہ دلائی جاتی رہتی ہے۔ اور خلافت اور جماعت کے ایک خاص رشتے اور تعلق کی وجہ سے جو کہ عہد بیعت کی وجہ سے مضبوط سے مضبوط تر ہوتا رہتا ہے، بغیر کسی انقباض کے اصلاح کی طرف توجہ دلانے پر توجہ ہو جاتی ہے۔ جبکہ دوسرے مسلمان جو ہیں اس نعمت سے محروم ہیں۔ عبادتوں کے اسلوب بھی ہمیں حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ہی سکھائے ۔ ہر احمدی کی ذمہ داری ہے کہ حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کے علم کلام کی جگالی بھی	مسجد بیت الفتوح	26/جون

خطبہ فرمودہ	مقام	خلاصہ	تاریخ اشاعت	شمارہ
		کرتا رہے۔ جو پڑھ سکتے ہیں وہ پڑھیں۔ جو سن سکتے ہیں وہ سنیں اور اس کے مطابق پھر اپنی زندگیاں گزارنے کی کوشش کرتے رہیں۔ یہ معیار ہے جو حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام نے مقرر فرمایا ہے کہ عبادتوں سے اللہ تعالیٰ سے تعلق بڑھے اور عبادتوں کے اثرات معاشرے کے تعلقات میں بھی نظر آئیں کسی کا علم، کسی کا صائب الرائے ہونا، کسی کا انتظامی صلاحیت میں اعلیٰ مقام حاصل کرنا، نہ اس کو بحیثیت احمدی کوئی فائدہ دے سکتا ہے۔ نہ جماعت کو ایسے شخص کے علم، عقل اور دوسری صلاحیتوں سے کوئی دیرپا فائدہ پہنچ سکتا ہے۔ اگر خدا تعالیٰ کا خوف اور خالص ہو کر اس کی عبادت کی طرف توجہ پیدا نہ ہو تو یہ سب چیزیں فضول ہیں۔ حضرت صاحبزادی امتہ القیوم صاحبہ بنت حضرت مصلح موعودؓ کی وفات پر ان کے شمائل اور خوبیوں کا تذکرہ (حضرت صاحبزادی امتہ القیوم صاحبہ، میجر افضال احمد صاحب، احمد جمال صاحب ابن محمد محسن صاحب، خالد رشید صاحب ابن مکرم رشید احمد صاحب اور مکرم ظفر اقبال صاحب ابن مکرم لعل دین صاحب مرحومین کا ذکر خیر اور نماز جنازہ غائب)		
3/جولائی	مسجد بیت الفتوح	اللہ تعالیٰ مسلمانوں کو بھی عقل دے کہ حضرت عیسیٰؑ کے زندہ آسمان پر ہونے اور کسی وقت نازل ہونے کا جو اُن کا باطل اور جھوٹا نظریہ ہے اس سے توبہ کر کے مسیح محمدی جو عین اپنے وقت پہ مبعوث ہوا اس کی پیروی کریں اور آنحضرت ا کی بات کو پورا کرتے ہوئے اس تک آپ کا سلام پہنچائیں اور اس کی وجہ سے پھر وہ اپنی دنیا و عاقبت سنوارنے والے بنیں گے۔ احمدی بھی یاد رکھیں کہ اس زمانے میں حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کی کتب ہی ہیں جو حق و باطل کے معرکے میں دلائل و براہین سے دشمن کا منہ بند کرنے والی ہیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ مجھے امید ہے کہ جلد ہی براہین احمدیہ کا بھی ترجمہ ہو کے آجائے گا۔ جو انگریزی میں پڑھنے والے ہیں وہ بھی حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کی کتب کو خریدیں اور پڑھیں اور ان سے دلیلیں لیں اور اپنے مخالفین کو دلائل سے قائل کریں ذیلی تنظیموں اور جماعتوں کا کام ہے کہ نوجوانوں اور بچوں کو حضرت اقدس مسیح موعود علیہ السلام کی کتب کے پڑھنے کی طرف توجہ دلائیں	24/جولائی تا6اگست	30 31
10/جولائی	مسجد بیت الفتوح	قطعی اور یقینی یہی امر ہے کہ حضرت مسیح بِجَسَدِہِ الْعُنْصُرِی آسمان پر نہیں گئے بلکہ موت کے بعد آسمان پر گئے ہیں۔ مسلمانوں کو چاہئے کہ عیسیٰ علیہ السلام کو زندہ آسمان پر بیٹھا سمجھنے کی بجائے جو عیسائیوں کا نظریہ ہے، آنحضرت ا کی غلامی میں آپ کی اُمّت میں سے آنے والے کو ہی مانیں کہ اسی میں اسلام کی زندگی ہے اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی ہی شان بلند ہوتی ہے۔ قرآن شریف میں ہر ایک جگہ رفع سے مراد رفع روحانی ہے۔ تمام مومنوں اور رسولوں اور نبیوں کا مرنے کے بعد رفع روحانی ہوتا ہے۔ اور کافر کا رفع روحانی نہیں ہوتا۔	24/جولائی تا6اگست	
17/جولائی	مسجد بیت الفتوح	مہمان کی فوری خاطر مدارات کرنا اور اپنے وسائل کے لحاظ سے بہترین خاطر تواضع کرنا اللہ تعالیٰ کے نزدیک بہت پسندیدہ ہے۔ مہمان نوازی اور خدمت بغیر کسی تکلّف، کسی بدل اور کسی تعریف کے ہو اور خالصۃً اس لئے ہو کہ خدا تعالیٰ نے یہ اعلیٰ اخلاق اپنانے کا حکم دیا ہے اور اللہ تعالیٰ کی رضا جوئی ہمارا مقصود اور مطلوب ہونا چاہئے۔ (مہمان نوازی سے متعلق قرآن مجید، احادیث نبویہ اور آنحضرت ا کی سیرت طیبہ کے واقعات اور حضرت مسیح موعود علیہ السلام کے ارشادات اور آپ کی حیات طیبہ کے واقعات کے حوالہ سے احباب کو اہم نصائح) مکرم چوہدری محمود احمد صاحب چیمہ (سابق مبلغ انڈونیشیا) اور مکرمہ صاحبزادی امتہ المومن صاحبہ اہلیہ مکرم صاحبزادہ مرزا نعیم احمد صاحب کی وفات پر ان کا ذکر خیر اور نماز جنازہ غائب	7/اگست	32

خطبہ فرمودہ	مقام	خلاصہ	تاریخ اشاعت	شمارہ
24/جولائی	حدیقۃ المہدی۔آلٹن	ہم تو اس زمین میں جس کا نام حدیقۃ المہدی رکھا گیا ہے ہدایت کے باغ لگانے آئے ہیں۔ پیار و محبت کی فصلیں کاشت کرنے آئے ہیں۔ ہمیشہ یاد رکھیں کہ آپ کا یہ سفر خدا تعالیٰ کی خاطر ہے اس لئے اس سفر کو دنیاوی فائدے کا ذریعہ کبھی نہ بنائیں۔(جلسہ سالانہ پر تشریف لانے والے مہمانوں کو ہمسایوں کا خیال رکھنے، ٹریفک کے قواعد کی پابندی، عبادتوں کے قیام، اعلیٰ اخلاق کے اظہار، صبر اور حوصلہ کا مظاہرہ کرنے، جلسہ کے پروگراموں میں سنجیدگی سے شامل ہونے، اپنے ماحول پر نظر رکھنے، صفائی کا خاص خیال رکھنے، ویزا وغیرہ سے متعلق قوانین کی پابندی کرنے اور میزبانوں پر بوجھ نہ ڈالنے وغیرہ امور سے متعلق نہایت اہم تاکیدی نصائح)	14/اگست	33
31/جولائی	مسجد بیت الفتوح	اللہ تعالیٰ نے تمام دنیا میں پھیلی ہوئی جماعت ہائے احمدیہ کو ایک اُمّت واحدہ بنایا ہوا ہے اور یہی حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کی بعثت کا مقصد تھا۔ اگر آج اس نکتے کو مسلمان سمجھ لیں اور جماعت احمدیہ پر اللہ تعالیٰ کے فضلوں کو دیکھتے ہوئے مسیح محمدی کی بیعت میں آجائیں تو حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے حقیقی غلام بن جائیں گے اور مسلمانوں کی طرف اٹھنے والی ہر دشمن آنکھ اور بدارادے سے بڑھنے والا ہاتھ اس عافیت کے حصار سے ٹکرا کر نہ صرف بے ضرر ہو جائے گا بلکہ خدا تعالیٰ کی پکڑ کے نیچے آجائے گا۔ جلسہ سالانہ برطانیہ کے نہایت کامیاب و بابرکت انعقاد اور اللہ تعالیٰ کے بے انتہا فضلوں کے نزول پر جذبات تشکر کا اظہار۔ اللہ تعالیٰ کے فضل سے تمام انتظامات پہلے سے بہتر تھے۔ انتظامات کو مزید بہتر بنانے کے سلسلہ میں اہم ہدایات۔ جلسہ میں شامل ہونے والے غیر از جماعت مہمانوں اور بعض پہلی دفعہ شامل ہونے والے احمدیوں کے تأثرات کا رُوح پرور بیان۔ اللہ تعالیٰ نے اپنے وعدے کے مطابق حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کی ایسی محبت دلوں میں ڈالی ہے جس کی مثال آج دنیا میں کہیں نہیں ملتی اور آپ کے ناطے پھر یہ خلافت سے محبت ہے۔ اللہ تعالیٰ اخلاص اور وفا اور محبت میں ہر احمدی کو بڑھاتا چلا جائے اور اللہ تعالیٰ کے انعامات پر ہمارے جذبات تشکر پہلے سے بڑھ کر ظاہر ہوں اور ہماری تمام محبتوں کا مرکز خدا تعالیٰ کی ذات بن جائے۔	21/اگست	34
7/اگست	مسجد بیت الفتوح	اللہ تعالیٰ نے حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کی تائید میں آپ کے مقام کی پہچان کروانے کے لئے بے شمار نشانات دکھائے ہیں آپ کی جماعت میں شامل ہونے والا ہر شخص چاہے وہ دنیا کے کسی بھی خطے میں بستا ہو اس بات کا گواہ بن جاتا ہے کہ خدا تعالیٰ نے اس کے دل میں آپ علیہ السلام کے ارفع مقام کی پہچان کو ڈالا۔ ان دنوں جبکہ پاکستان کی بہت زیادہ بھیانک صورتحال ہوتی چلی جارہی ہے احمدی خاص طور پر دعا کریں۔ اللہ تعالیٰ کے حضور جھکیں، اس کی پناہ طلب کریں، اپنے اعمال کو خالص اللہ تعالیٰ کے لئے کریں، صدقات پر زور دیں۔ ملتان میں مکرم رانا عطاء الکریم نون صاحب کی شہادت اور مکرم چوہدری عنایت اللہ صاحب طارق (سابق انسپکٹر خدام الاحمدیہ) کی وفات پر ان کا ذکر خیر اور نماز جنازہ حاضر کے ساتھ بعض مرحومین کی نماز جنازہ غائب۔	28/اگست	35
14/اگست	مسجد بیت الفتوح	صرف احمدیت قبول کر لینا ہی ہمارے لئے کافی نہیں بلکہ قرب الٰہی کے راستوں کی تلاش بھی ہم ہمیشہ جاری رکھیں۔ اللہ تعالیٰ کی سچی محبت اور تڑپ ہمارے عملوں سے نظر آتی ہو۔ بہت دعائیں کریں اور اللہ تعالیٰ سے مدد مانگیں کہ جب اس نے ہمیں زمانہ کے امام کو ماننے کی توفیق عطا فرمائی ہے تو ان معیاروں کے حصول کی بھی توفیق عطا فرمائے جو آپ اپنی جماعت سے چاہتے ہیں۔ تم اپنے آپ کو سنبھالو اور اپنی حالت کو درست کرو۔ تم کو کس نے داروغہ بنایا ہے جو تم لوگوں کے اعمال کی پڑتال	4/ستمبر	36

خطبہ فرمودہ	مقام	خلاصہ	تاریخ اشاعت	شمارہ
		کرتے پھرو۔(جلسہ سالانہ جرمنی کا خطبہ جمعہ سے افتتاح اور افراد جماعت کونہایت اہم نصائح) مکرم طٰہٰ قزق صاحب آف اُردن کی وفات پر ان کے خصائل حمیدہ کا تذکرہ اور نماز جنازہ غائب		
21/اگست	مسجد بیت الفتوح	نیکیوں کا تسلسل قائم رکھنے کے لئے جو بھی مواقع پیدا ہوں وہ خدا تعالیٰ کی رضا کے حصول کا ذریعہ بنتے ہیں۔(برطانیہ کے جلسہ سالانہ کے جلد بعد ہی جرمنی کے جلسہ کا انعقاد اور اب رمضان کے بابرکت ایام ایک خاص روحانی ماحول کا تسلسل ہے جو اللہ تعالیٰ نے عطا فرمایا ہے اس سے بھرپور فائدہ اٹھانے کی تاکید) بیلجیئم اور جرمنی کے سفر کے دوران جماعت کی مقبولیت اور اللہ تعالیٰ کے غیر معمولی فضلوں کے ایمان افروز واقعات کا بیان۔ بیلجیئم میں مسجد کے لئے جگہ کی تلاش کے لئے ہدایت۔**جلسہ سالانہ جرمنی کے تمام کارکنان و کارکنات نے حضرت مسیح موعودؑ کے مہمانوں کی خدمت کا حق ادا کرنے کی بھرپور کوشش کی ہے۔**تمام کارکنان نے یہ ثابت کر دیا ہے کہ ہمارے اوپر جو بھی افسر خلیفۂ وقت کی طرف سے مقرر ہوگا ہم نے اس کی ہر طرح اطاعت کرنے کی کوشش کرنی ہے۔ اسے مکمل تعاون دینا ہے۔ اور یہ ثابت کرنا ہے کہ ہم نے اپنے تمام کام اللہ تعالیٰ کی رضا کے حصول کے لئے کرنے ہیں اور یہ باتیں یہ ثابت کرتی ہیں کہ ہم نے اپنے کام دنیاداروں کی طرح کسی خاص شخصیت کے کہنے یا اس کے تعلق کی وجہ سے نہیں کرنے بلکہ خلیفۂ وقت کے اشارے پر چلتے ہوئے اپنے تمام تر فرائض سرانجام دینے ہیں۔ میری خواہش ہے کہ پہلی فیز (Phase) میں ہم یورپ کے ہر ملک میں جہاں مسجدیں نہیں ہیں آئندہ پانچ چھ سالوں میں کم از کم ایک مسجد بنالیں۔ پھر انشاء اللہ جب ایک مسجد بن جائے گی تو ان میں اضافہ بھی ہوتا چلا جائے گا۔ پاکستان اور ان تمام ممالک کے احمدیوں کے لئے جہاں احمدیت کی مخالفت ہے رمضان میں خصوصی دعاؤں کی تحریک۔ رمضان میں اللہ تعالیٰ کے فضل کو جذب کرتے ہوئے ایسی پاک تبدیلیاں پیدا کریں جو مستقل ہماری زندگیوں کا حصہ بن جائیں۔	11/ستمبر	37
28/اگست	مسجد بیت الفتوح	ہمیں وہ روزے رکھنے چاہئیں جو ہمارے اس دنیا سے رخصت ہونے تک ہماری ہر حرکت وسکون، ہمارے ہر قول وفعل کو اللہ تعالیٰ کی رضا کا ذریعہ بناتے ہوئے ہمیں اللہ تعالیٰ سے ملانے والے ہوں۔ ہمیں اس رمضان میں یہ کوشش کرنی چاہئے کہ ہم خالص ہو کر اللہ تعالیٰ کی عبادت کرنے والے بن جائیں۔ اپنی نمازوں کا حق ادا کرنے والے بن جائیں۔ یہ دعاؤں کی قبولیت کا خاص مہینہ ہے اور سب سے بڑی دعا جو ہمیں کرنی چاہئے وہ یہی ہے کہ اللہ تعالیٰ کا فضل تلاش کیا جائے، اس کا قرب تلاش کیا جائے۔ مؤرخ احمدیت حضرت مولانا دوست محمد صاحب شاہد بقضائے الٰہی وفات پاگئے۔ حضرت مولانا مرحوم کی خدمات دینیہ اور خصائل حمیدہ کا محبت بھرا تذکرہ۔ مکرم مولانا دوست محمد صاحب شاہد، مکرم محمد اسلم صاحب اور مکرمہ نسیم بیگم صاحبہ اہلیہ بشیر احمد صاحب مرحومین کی نماز جنازہ غائب۔	18/ستمبر	38
4/ستمبر	مسجد بیت الفتوح	رمضان کے مہینے کو قرآن کریم سے ایک خاص نسبت ہے۔ خدا تعالیٰ کی آخری اور کامل شریعت اس مہینے میں نازل ہوئی یا اس کا نزول شروع ہوا۔ اس مہینے میں قرآن کریم کے پڑھنے کی طرف بھی توجہ ہونی چاہئے۔ صرف تلاوت ہی نہیں بلکہ اس کے اندر بیان کردہ احکامات کی تلاش کرنی چاہئے۔ پھر سارا سال ان احکامات پر عمل کرنے کی کوشش کرنی چاہئے۔ قرآن پڑھنے کے آداب کا تذکرہ اور احباب جماعت کو اس حوالہ سے اہم نصائح اپنے بچوں کی بھی ایسی تربیت کریں کہ وہ خدا تعالیٰ کے اس کلام کو سمجھنے اور غور کرنے اور اپنی زندگیوں پر لاگو کرنے کی کوشش کرنے والے ہوں۔	25/ستمبر	39

شمارہ	تاریخ اشاعت	خلاصہ	مقام	خطبہ فرمودہ
40	2/اکتوبر	قرآن ایسی کتاب ہے کہ سوائے پاک کے اور کسی کی فہم اس تک نہیں پہنچتی ۔ اس وجہ سے ایک ایسے مفسر کی حاجت پڑی کہ خدا کے ہاتھ نے اسے پاک کیا ہو ۔ (قرآن مجید کی عظمت و شان کا تذکرہ اور احباب جماعت کو قرآن کریم کی تعلیم پر عمل کرنے کی اہم نصائح) ہر محبّ وطن پاکستانی یہ چاہے گا کہ ملک میں امن ہو اور مُلّا ئیت کا خاتمہ ہو ۔ انشاء اللہ جماعت احمدیہ کے حق میں پاکستان میں اور تمام اسلامی ممالک میں وہ الٰہی تقدیر بڑی شان سے ظاہر ہوگی اور خود بخود روز روشن کی طرح واضح ہو جائے گا کہ حقیقی مسلمان کون ہے ۔	مسجد بیت الفتوح	11/ستمبر
41	09/اکتوبر	آج اپنے رمضان کو بھولنے کا نہیں بلکہ یاد رکھنے کا عہد کریں تو ہماری عید مبارک عید ہے۔ حقیقی عید کا اظہار ایک مومن سے اس وقت ہوتا ہے جب وہ اپنی زندگی خدا کی خاطر بیچنے والا ہو۔ اگر رمضان میں سچی توبہ کی ہے تو پھر ہمارا ہر دن عید کا دن ہے ایمان کامل کرنے کے لئے کامل اطاعت کا نمونہ دکھانا ضروری ہے۔ یہ نہیں کہ اپنا فائدہ ہو تو نظام جماعت کی طرف دوڑ و اور اگر اپنے خلاف فیصلہ کی توقع ہو تو پھر ملکی عدالتوں کی طرف چلے جاؤ۔ ایک احمدی کو یاد رکھنا چاہئے کہ ہمارا ایک نظام ہے۔ نظام سے چمٹ کر ہی نیکیاں ،نیکیاں رہ سکتی ہیں۔ پس جماعت سے منسلک رہنا اور جماعت کی اطاعت کرنا بھی نیکیوں سے منسلک رہنے اور آگے بڑھنے کا موجب بنتا ہے۔(عبادت،ذکر الٰہی ،صبر،اطاعت،اعلیٰ اخلاق اور اپنے اندر پاک تبدیلیاں پیدا کرنے نیز تلاوت قرآن کی کثرت سے اللہ تعالیٰ کی برکات کو حاصل کرنے کی جو ٹریننگ رمضان میں حاصل کی ہے اسے ایک تسلسل اور دوام دینے کی تاکیدی نصائح)	(سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے خطبہ عید الفطر بمقام مسجد بیت الفتوح۔ لندن کا خلاصہ)	خطبہ عید الفطر
41	09/اکتوبر	جمعہ کی نماز کے لئے جب بھی بلایا جائے تو مومنوں کو اپنے تمام کام اور کاروبار فوراً بند کر کے جمعہ کے لئے مسجد کی طرف چل پڑنا چاہئے ۔ جمعہ کے دن ہمیں درود شریف پڑھنے کا بھی خاص طور پر اہتمام کرنا چاہئے ۔ رمضان کا آخری جمعہ یا رمضان کے جو باقی جمعے ہیں صرف وہی مسجد کی حاضری بڑھانے والے اور دکھانے والے نہ ہوں بلکہ سارا سال ہی ہمیں یہ نظر آئے کہ ہماری مسجدیں اپنی گنجائش سے تھوڑی پڑ گئی ہیں ۔(جمعہ کی اہمیت کے بارہ میں تاریخی تحقیق کے علاوہ قرآن مجید،احادیث نبویہ اور حضرت مسیح موعود علیہ السلام کے ارشادات کے حوالہ سے جمعہ کی فضیلت اور برکات کا بیان اور احباب جماعت کو نصائح)	مسجد بیت الفتوح	18/ستمبر
42	16/اکتوبر	ایسے عباد الرحمٰن بننے کی کوشش کریں جو خدا تعالیٰ کی رضا سے حصہ پانے والے ہوں۔ یہ ایک احمدی کی بہت بڑی ذمہ داری ہے، خاص طور پر ان حالات میں جبکہ دنیا کے تمام مسلمان ممالک میں احمدیوں کے لئے مصائب اور مشکلات کا دور ہے کہ احمدی نہ صرف اپنی فرض نمازوں کی طرف توجہ دیں بلکہ اپنی راتوں کو نوافل سے سجائیں اور تہجد کی طرف توجہ دیں۔ عباد الرحمٰن بننے کے لئے یہ ضروری ہے کہ ہر قسم کی نیک نصیحت پر عمل کرنے کی کوشش کی جائے۔	مسجد بیت الفتوح	25/ستمبر
43	23/اکتوبر	پاکستان، ہندوستان اور بعض عرب ممالک میں احمدیوں کی مخالفت اور ان پر مظالم میں شدت ۔ اگر دشمن یہ سمجھتا ہے کہ اس سے جماعتی زندگی کو متاثر کر رہے ہیں یا احمدیوں کے ایمانوں کو کمزور کر رہے ہیں تو یہ دشمن کی بھول ہے ۔ یہ مخالفتیں ہمیں ترقیات کی طرف لے جانے والی ہیں۔ شہید احمدیوں کے خون کا ہر قطرہ جہاں ان کی اخروی زندگی میں ان کے درجات بلند کرتا چلا جا رہا ہے وہاں جماعتی زندگی	مسجد بیت الفتوح	2/اکتوبر

شمارہ	تاریخ اشاعت	خلاصہ	مقام	خطبہ فرمودہ
43	23/اکتوبر	کے بھی سامان پیدا کرتا چلا جا رہا ہے۔آجکل کے حالات میں افراد جماعت کو دنیا میں ہر جگہ دعاؤں کی طرف توجہ دینے کی بہت زیادہ ضرورت ہے۔پاکستان میں جس طرف حالات جا رہے ہیں لگتا ہے کہ احمدیوں کو پاکستان میں خاص طور پر ابھی مزید امتحانوں سے گزرنا پڑے گا۔ابتلاؤں میں اپنے پائے ثبات میں کبھی لغزش نہ آنے دو اور خالص ہو کر اللہ تعالیٰ کے حضور جھک جاؤ۔پہلے سے بڑھ کر ایمانوں میں مضبوطی پیدا کرو اور یہ مضبوطی پیدا کرتے ہوئے ظاہری اعمال کو بھی بہتر کرو اور عبادتوں کے معیار بھی بہتر کرو اور پھر دیکھو کہ کس طرح خدا تعالیٰ تمہاری مدد کے لئے آتا ہے۔(مکرم اعظم طاہر صاحب آف اوچ شریف کی شہادت،مکرم ریاض احمد صاحب اور مکرم امتیاز احمد صاحب جو پشاور میں ایک بم دھماکہ کے نتیجہ میں شہید ہوگئے۔مکرم چوہدری انور کاہلوں صاحب (سابق امیر جماعت یوکے) اور مکرمہ منصورہ وہاب صاحبہ بنت مکرم عبدالوہاب آدم صاحب آف گھانا کی وفات کا تذکرہ اور مرحومین کی نماز جنازہ غائب)	مسجد بیت الفتوح	2/اکتوبر
44	30/اکتوبر	جہاد صرف وہ ہے جو مذہب پر حملہ کرنے والوں کے خلاف کیا جائے۔مسلمانوں کو مذہب کے لئے تلوار اور توپ پکڑنے کی بجائے اپنے ایمان اور اعمال صالحہ کی اصلاح کی کوشش کرنی چاہئے۔پھر بغیر توپ اور بندوق کے دنیا کو اپنی طرف مائل کرنے والے بن سکیں گے۔اللہ تعالیٰ کی تمام صفات کی طرح قوی ہونے کی صفت بھی ہمیشہ قائم رہنے والی ہے اور قائم رہے گی اور اسی غلبہ اور قوی ہونے کی صفت ثابت کرنے کے لئے اس نے حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کو اس زمانے کا امام بنا کر بھیجا ہے۔سچے دل سے نمازیں پڑھو اور دعاؤں میں لگے رہو اور اپنے سب رشتہ داروں اور عزیزوں کو یہی تعلیم دو۔پورے طور پر خدا کی طرف ہو کر کوئی نقصان نہیں اٹھاتا۔	مسجد بیت الفتوح	9/اکتوبر
45	6/نومبر	اللہ تعالیٰ کی ذات اپنی طاقت وقوت کے کمال کے لحاظ سے اور مضبوط اور ٹھوس تدبیر کے لحاظ سے اپنے پیاروں اور انبیاء کی مخالفت کرنے والوں کے خلاف ایسی تدبیر کرتی ہے کہ جہاں تک مخالفین کی سوچ نہیں پہنچ سکتی کہ وہ اس کے مداوا کا کوئی سامان کر سکیں۔آنحضرتﷺ کے مخالفوں کی ہلاکت اور ذلت و رسوائی کی مختلف مثالوں کا تذکرہ۔آج بھی جو لوگ آنحضرتﷺ کے بارہ میں استہزاء اور نازیبا کلمات کہتے ہیں وہ اللہ تعالیٰ کی پکڑ سے محفوظ نہیں ہیں چاہے وہ کسی بھی مذہب سے تعلق رکھنے والے ہیں یا لامذہب ہیں۔یہ فیصلہ خدا تعالیٰ نے اپنے پاس رکھا ہوا ہے کہ کس طرح پکڑنا ہے۔خاص طور پر پاکستان کی سالمیت کے لئے بہت دعا کریں۔اللہ تعالیٰ اس ملک کو احمدیت کی وجہ سے ہی بچا لے کیونکہ احمدیوں نے اس کے بنانے میں بہت کردار ادا کیا ہے اور بہت قربانیاں دی ہیں۔اللہ تعالیٰ ملک دشمنوں کی پکڑ کے بھی جلد سامان پیدا فرمائے۔	مسجد بیت الفتوح	16/اکتوبر
46	13/نومبر	اللہ تعالیٰ ایمان لانے والوں کا دوست بنتا ہے یعنی ایسا ایمان جس میں دنیا کی ملونی نہ ہو۔ہمارا تو اللہ مولیٰ ہے اور ہر قدم پر اپنے ولی ہونے اور دوست ہونے کا اور مددگار ہونے کا اور نگران ہونے کا، اپنے فضلوں سے مسلسل نوازنے کا اظہار کرتا ہے اور نظارے دکھاتا ہے۔ہر ابتلا اور امتحان جہاں جماعت کی روحانی ترقی کا باعث بنتا ہے اور بنا ہے وہاں مادی اور جسمانی ترقی کا بھی باعث بنا ہے۔خاتم النبیین کا مطلب یہ ہے کہ آنحضرتﷺ کے بعد کوئی ایسا نبی نہیں آسکتا جو آنحضرتﷺ کی شریعت کو منسوخ کرے اور آپﷺ کی اُمّت میں سے نہ ہو۔(مختلف بزرگان اُمّت کے حوالوں سے خاتم النبیین کے معنوں کا تذکرہ) مکرم ذوالفقار منصور صاحب آف کوئٹہ کی شہادت کا تذکرہ۔مکرم محمد الشواء صاحب	مسجد بیت الفتوح	23/اکتوبر

شمارہ	تاریخ اشاعت	خلاصہ	مقام	خطبہ فرمودہ
		(آف شام)، مکرم میاں سراج الحق صاحب آف اوکاڑہ اور مکرم مظفر احمد منصور صاحب (مبلغ سلسلہ) کی وفات کا تذکرہ اور مرحومین کی نماز جنازہ غائب		
47	20/نومبر	اللہ تعالیٰ نے اپنے وعدہ کے مطابق خوفناک اور خطرناک حالات میں بھی آنخضرت کی ایسی حفاظت فرمائی کہ دشمن جس مقصد کو حاصل کرنا چاہتا تھا اس میں وہ کبھی کامیاب نہیں ہوسکا۔ اللہ تعالیٰ نے ہر انسان کی حفاظت کا بھی ایک انتظام فرمایا ہوا ہے۔ اس کے علاوہ اپنے خاص ولیوں کو بعض دفعہ نشان کے طور پر بھی حفاظت کے نظارے دکھاتا ہے۔ جب نیکیاں مفقود ہونا شروع ہو جائیں تو اللہ تعالیٰ کی امان اور حفاظت اٹھ جاتی ہے۔ انہی حالتوں کو بدلنے کی ضرورت ہے ورنہ جب خدا تعالیٰ کی آخری فیصلہ کُن تقدیر حرکت میں آجائے تو پھر کوئی اس انجام کو ٹالنے والا نہیں ہوتا۔ (اللہ تعالیٰ کی صفت 'وَلِیّ' اور 'وَالِیْ' کے حوالہ سے قرآن مجید، حدیث نبوی اور حضرت مسیح موعود علیہ السلام کے ارشادات کی روشنی میں بصیرت افروز بیان)	مسجد بیت الفتوح	30/اکتوبر
47	20/نومبر	دلوں کی پاکیزگی سچی قربانی ہے، گوشت اور خون سچی قربانی نہیں۔ حقیقی عید انہی کی ہوتی ہے جو قربانی کے فلسفہ کو سمجھ کر ایک ماہ کی ذاتی قربانی کے دور سے گزر کر عید مناتے ہیں۔ عید الفطر ایک ذاتی قربانی کی عید ہے اور عید الاضحیہ جماعتی اور قومی قربانی کی عید ہے۔ اللہ تعالیٰ کی راہ میں قربان ہونا اس کے احکامات کی تعمیل اور اپنی تمام صلاحیتوں اور قوتوں کو اللہ تعالیٰ کی رضا کے حصول کا ذریعہ بنانا ہے۔ حضرت ابراہیمؑ، حضرت ہاجرہؑ اور حضرت اسمٰعیلؑ کی قربانیوں نے اصل میں وہ قربانیاں کرنے والا انسان پیدا کیا جو انسان کامل کہلایا۔ اور ہر قسم کی قربانیوں کے اعلیٰ ترین معیار قائم کر کے رہتی دنیا تک اپنا اسوہ حسنہ چھوڑ گیا۔ (قرآن کریم، احادیث نبویہ اور حضرت اقدس مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کے ارشادات کی روشنی میں قربانی کی اصل حقیقت اور حکمت کا ایمان افروز بیان)	خطبہ عید الاضحیٰ مورخہ 9/دسمبر 2008ء مسجد بیت الفتوح	بمطابق 9/فتح 1387 ہجری شمسی بمقام مسجد
48	27/نومبر	جب ایک احمدی حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کی بیعت میں آتا ہے تو اس کے لئے پہلی خوشخبری یہ ہے کہ اس خاتم الخلفاء کی بیعت اور اس کے بعد نظام خلافت کے جاری ہونے اور اس کی بیعت میں آنے کی وجہ سے اسے تمکنت ملی ہے اور یہی چیز پھر اسے خیر اُمّت بناتی ہے۔ اب اس کا حق ادا کرنے کے لئے نماز کے قیام کی طرف توجہ دینے کی ضرورت ہے۔ مالی قربانی کرتے ہوئے اپنے مال کا تزکیہ کرنے کی ضرورت ہے۔ نیک باتوں کو حکم دینے کا حکم ہے اور برائیوں کے راستے میں سدّ راہ بن جانے کا حکم ہے۔ تحریک جدید کے 76ویں سال کے آغاز کا اعلان دنیا بھر میں تحریک جدید کی مالی قربانی میں پاکستان اوّل، امریکہ دوم اور جرمنی سوم رہا۔ اس سال تحریک جدید میں جماعت نے 49 لاکھ 53 ہزار 800 پاؤنڈز کی مالی قربانی پیش کی۔ باوجود نامساعد عالمی معاشی حالات کے خدا تعالیٰ کے فضل سے گزشتہ سال کے مقابلہ میں تحریک جدید میں امسال 8 لاکھ 50 ہزار پاؤنڈز کا اضافہ ہے۔ جماعت کا قدم ہر پہلو سے ترقی پذیر ہے۔ اللہ کرے کہ ہماری قربانیاں بھی بڑھیں۔ ہماری ترقی کی رفتار بھی بڑھے اور ہم فتح کے نظارے بھی دیکھنے والے ہوں۔ (تحریک جدید کے ثمرات و برکات کا تذکرہ اور نیکیوں میں آگے بڑھتے چلے جانے کی نہایت مؤثر تاکیدی نصائح)	مسجد بیت الفتوح	6/نومبر
49	4/دسمبر	اس زمانے میں آنخضرت کی بعثت کے بعد اللہ تعالیٰ کے ولی وہی ہیں جو آپ کی اُمّت میں شامل ہو کر اللہ تعالیٰ کی رضا کے حصول کے لئے ہر عمل بجالاتے ہیں اور یہی لوگ ہیں جو اس وجہ سے خدا تعالیٰ کا قرب پاتے ہیں اور ان کے ہر خوف اور غم کو خدا تعالیٰ دور فرما دیتا ہے۔ فی زمانہ خدا تعالیٰ کی خاطر جمع ہو کر آپس میں محبت کرنے والی جماعت بننا اور ایک ہاتھ پر اکٹھے ہو کر ہر خوف سے امن میں آنا	مسجد بیت الفتوح	13/نومبر

خطبہ فرمودہ	مقام	خلاصہ	تاریخ اشاعت	شمارہ
		صرف مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کی جماعت کا طرہ امتیاز ہے اور ہونا چاہئے۔خدا تعالیٰ کی رضا حاصل کرنی ہے تو باہمی محبت، پیار اور نظام جماعت کا احترام اور اطاعت، اور خلافت سے مضبوط تعلق پیدا کرنا بہت ضروری ہے۔		
28/نومبر 2009 خطبہ عیدالاضحیٰ	مسجد بیت الفتوح	ہمارے حج اور ہماری قربانیاں اسی وقت قبول ہوتی ہیں جب خالصۃً خدا تعالیٰ کی رضا حاصل کرنے کے لئے ہم ہر قسم کی قربانی کے لئے تیار ہوں۔اللہ تعالیٰ اپنے بندوں کو اس کی خاطر کی گئی قربانیوں کی محدود جزا نہیں دیتا بلکہ دعاؤں اور قربانیوں کو قبول کرتے ہوئے ہزاروں سال بعد بھی جزا دیتا چلا جاتا ہے۔دنیا میں سب سے زیادہ جس نبی پر درود بھیجا جاتا ہے وہ حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات بابرکات ہے اور آپؐ کی وجہ سے ابوالانبیاء حضرت ابراہیمؑ کو بھی یاد رکھا جاتا ہے۔آنحضرتؐ اور آپؐ کے صحابہؓ نے توحید کے قیام کی خاطر عظیم الشان قربانیاں دیں۔آج بھی اسی سوچ کے ساتھ کی جانے والی قربانیاں اس مقصد کو حاصل کرنے کا ذریعہ بنیں گی جس کی خاطر یہ گھر بنایا گیا تھا۔ اے احمدیو اور شہیدوں کے پیارو! تم خوش ہو کہ تمہارے پیارے اللہ کے فرمان کے مطابق مردہ نہیں بلکہ زندہ ہیں۔آج حقیقی عیدالاضحیٰ صرف اور صرف تم سے وابستہ ہے۔آج یہ قربانیاں ہی ہیں جو دنیا میں انقلاب عظیم پیدا کرنے کا باعث بنیں گی۔پس اپنی قربانیوں کی روح کو اپنے اندر سے کبھی مرنے نہ دیں۔(مسجد بیت الفتوح (لندن) میں سیدنا حضرت امیر المومنین خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کا بصیرت افروز خطبہ عیدالاضحیٰ)	11/دسمبر	50
20/نومبر	مسجد بیت الفتوح	اگر خدا تعالیٰ کا سہارا نہ ہو، اس کی مدد نہ ہو تو ظاہری اسباب اور تعلقات رتی بھر فائدہ نہیں دے سکتے۔حقیقی ولی وہی ہے جس میں عاجزی اور انکسار ہے اور جماعت احمدیہ میں ہر فرد کو یہ بات یاد رکھنی چاہئے کہ اس میں حقیقی ولی وہی ہے جس کا خلافت کے ساتھ بھی گہرا تعلق ہے۔دنیاوی لالچ کی وجہ سے نہ دنیاداروں سے دوستی کرو، نہ ہی اس دولت کی طرف اتنے مائل ہو جاؤ کہ خدا تعالیٰ تمہیں بھول جائے۔اپنی روحانی حالت بڑھانے کے لئے، خدا تعالیٰ سے تعلق پیدا کرنے کے لئے خود بھی نمازوں کی طرف توجہ دو اور اپنے گھر والوں کو بھی اس کی تلقین کرو۔	11/دسمبر	50
27/نومبر	مسجد بیت الفتوح	آنحضرت ﷺ کی قوت قدسی سے اللہ تعالیٰ کے مومنین کے لئے ولی ہونے کے نظارے آپ کے بعد بھی دکھائی دیئے اور اس زمانہ میں حضرت مسیح موعود علیہ السلام کے صحابہ کی زندگیوں میں بھی خدا تعالیٰ کے ولی ہونے کے نظارے دکھائی دیتے ہیں۔(آنحضرت ﷺ کے صحابہ اور صحابہ حضرت مسیح موعود علیہ السلام کی زندگیوں سے خدا تعالیٰ کے ولی ہونے اور قبولیت دعا کے حیرت انگیز، اعجازی واقعات کا ایمان افروز تذکرہ) مکرم رانا سلیم احمد صاحب نائب امیر ضلع سانگھڑ کی دردناک شہادت اور مکرم گیانی عبداللطیف صاحب درویش قادیان کی وفات کا تذکرہ اور ہر دو مرحومین کی نماز جنازہ غائب	18/دسمبر	51
4/دسمبر	مسجد بیت الفتوح	اب حقیقی نور صرف اور صرف آنحضرت ﷺ پر اتری ہوئی شریعت اور آپ ﷺ کے اسوہ حسنہ میں ہے۔ خدا تعالیٰ کا یہ طریق ہے کہ جب کسی کو اپنے نور سے سجاتا ہے تو تمام دنیا میں اس کا اظہار بھی کروا دیتا ہے۔جو روحانی نور اللہ تعالیٰ کے خاص فیض سے اس کے خاص بندوں پر آسمان سے اترا ہے اللہ تعالیٰ کے ان خاص بندوں سے جُڑ جاؤ تو یہ نور پھر تمہارے دلوں کو بھی روشن کر دے گا۔آج اگر کسی کو	25/دسمبر	52

خطبہ فرمودہ	مقام	خلاصہ	تاریخ اشاعت	شمارہ
		اللہ تعالیٰ اور اس کے رسولؐ سے محبت کا دعویٰ ہے تو مسیح موعودؑ سے تعلق جوڑنا بھی ضروری ہے۔ آج جماعت احمدیہ ہی ہے جو اس سلسلہ تعلق کی وجہ سے خلافت سے بھی جڑی ہوئی ہے اور اس نور سے بھی فیض پا رہی ہے جو اللہ تعالیٰ روحانی نور کی صورت میں انبیاء کے ذریعہ ظاہر فرماتا ہے۔ سوئٹزرلینڈ میں مساجد کے میناروں کے خلاف جو شور اٹھا ہے یہ بھی اسلام دشمنی کی ایک کڑی ہے۔		

خطابات، پیغامات، درس

خلفائے حضرت اقدس مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام

خطاب	مقام	خلاصہ	تاریخ اشاعت	شمارہ
سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے اعزاز میں برطانیہ کے ہاؤس آف پارلیمنٹ میں منعقد ہونے والی تاریخی تقریب میں 22/اکتوبر 2008ء کو ممبران پارلیمنٹ مختلف ممالک کے سفراء اور حکومتی وزراء اور دیگر معززین سے حالات حاضرہ کے تناظر میں نہایت پُر حکمت اور بصیرت افروز خطاب)	لندن	جماعت احمدیہ ایک چھوٹی سی جماعت ہے مگر یہ جماعت اسلام کی سچی تعلیمات کی علمبردار ہے۔ انشاء اللہ خلافت احمدیہ ہمیشہ دنیا میں امن وآشتی کی علمبردار رہے گی اور دنیا میں جہاں جہاں احمدی آباد ہیں وہ اپنے اپنے وطنوں کے وفادار شہری رہیں گے۔اس وقت دنیا میں بے چینی اور بے قراری پائی جاتی ہے۔جگہ جگہ چھوٹی چھوٹی جنگیں بھڑک اٹھتی ہیں۔اگر انصاف کے تقاضوں کو پورا نہ کیا گیا تو اندیشہ ہے کہ ان چھوٹی جنگوں کے شعلے بھڑک کر ساری دنیا کو اپنی لپیٹ میں نہ لے لیں۔ہماری زندگیوں کا واحد اور اعلیٰ مقصد یہ ہے کہ ہم دنیا کے سامنے آنحضرت ﷺ کے اسوہ پاک اور اسلام کی خوبصورت تعلیم پیش کریں۔اس امر کی شدید ضرورت ہے کہ ہر قسم کی نفرتوں کو بھلا کر امن کی بنیادیں استوار کی جائیں اور یہ صرف تب ہی ممکن ہے کہ تمام لوگوں کے جذبات کا احترام کیا جائے۔دوسروں کی دولت کے لئے حرص کرنا اور حسد کرنا دنیا میں بے چینی کو بڑھانے کا سبب ہیں۔جن ممالک کو معدنیات کے ذخائر عطا ہوئے ہیں ان کو آزادی ہونی چاہئے کہ وہ معقول قیمتوں پر کھلی مارکیٹ میں اپنے ذخیروں کی تجارت کرسکیں۔جب مظالم اپنی انتہاؤں کو چھونے لگیں اور عدل وانصاف کے تقاضوں کو نظر انداز کر دیا جائے تو اس کے بعض طبعی نتائج اسی دنیا میں ہی ظاہر ہو جاتے ہیں۔سُود ایک ایسی شدید بُرائی ہے جس سے گھریلو، قومی اور بین الاقوامی سکون درہم برہم ہو جاتا ہے۔دنیا کا امن کی طرف آنا تب ہی ممکن ہو گا جب لین دین اور کاروبار خالص اور مثبت روش پر چلائے جائیں گے اور جب تمام وسائل کا مناسب اور منصفانہ استعمال ہو گا۔(پٹنی کے علاقہ کی ممبر آف پارلیمنٹ جسٹین گریننگ کی طرف سے جسٹین گریننگ ایم پی اور وزارت خارجہ کی منسٹر Gillian Merron کے استقبالیہ ایڈریسز	2/جنوری	1
		دوسری اور آخری قسط	9/جنوری	2
حضرت مصلح موعودؓ کا خطاب		دسمبر 1939ء کو جلسہ خلافت جوبلی کے موقع پر مختلف جماعتوں کی طرف سے ایڈریسز کے جواب میں حضرت مصلح موعودؓ کا خطاب	22/مئی	21
